
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : رضوانہ رحمٰن

کلاس 6 کے لئے



## ٹیچر کیلئے نوٹ

- کتاب ''مچھلی کے منہ میں'' چھٹی جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ اس ٹیچرز گائیڈ میں دیئے گئے کام کو مختلف سیشن میں بانٹ دیا گیا ہے۔ ٹیچر بچوں کی صلاحیت کے مطابق اس میں ردوبدل کر سکتی ہیں۔

## سیشن 1

10 منٹ

- کہانی کو مختلف انداز میں پڑھانے اور دلچسپ بنانے کے لئے کہانی کی پڑھائی سے قبل ہم ایک چھوٹی سی ذہنی مشق بچوں کے ساتھ کریں گے تاکہ وہ کہانی سے اچھی طرح لطف اندوز ہوسکیں۔ اس سلسلے میں کہانی میں سے سات یا آٹھ ایسے الفاظ کا انتخاب کرنا ہوگا جو افعال (verbs) اور اسم (noun) پر مشتمل ہوں۔ پھر یہ الفاظ بورڈ پر بغیر کسی ترتیب کے لکھ دیں۔ مثلا

رسی    مچھلی    باہر    ٹیوب    کشتی    اچھالا    لہریں

25 منٹ

- اب ان الفاظ کی مدد سے بچے ایک کہانی یا قصہ ترتیب دیں اور اپنی کوپی میں لکھیں۔ اس مشق کا یہ فائدہ ہوگا کہ بچے جب کہانی پڑھیں گے تو نہ صرف ان الفاظ پر اچھی طرح توجہ دیں گے بلکہ انہیں اس بات کا بھی غیر شعوری طور پر احساس ہوگا کہ ایک لفظ کو کتنے مختلف طریقوں سے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

10 منٹ

- اس مشق کے بعد بچوں کو کہانی پڑھائی جائے۔ بہتر یہ ہوگا کہ ٹیچر خود اس کہانی کو تاثرات کے ساتھ پڑھیں اور بچوں کو اس بات کا بھرپور موقع فراہم کریں کہ کہانی کے اختتام پر وہ کہانی کے حوالے سے زیادہ سے زیادہ بات چیت کریں اور کہانی کے اصل موضوع یعنی ایسے کاموں میں دخل اندازی خطرناک ہوتی ہے جن کے بارے میں بڑے منع کرتے ہیں۔ مثلاً آگ اور پانی۔ دونوں ہی ایسی چیزیں ہیں جن کے بارے میں بچوں کو ہمیشہ ہدایات دی جاتی ہیں کہ ان سے

دور رہنا چاہئے۔ برسات کے موسم میں ساحل سمندر کے پاس لوگ خطرہ مول لے کر گہرے پانی میں چلے جاتے ہیں جو ہمیشہ نقصان دہ ہوتا ہے۔ ہمارے ساحلوں پر ہر جگہ lifeguard موجود نہیں ہوتے ہیں۔ اس لئے یہاں پر یہ خطرہ اور بھی زیادہ ہے۔

## گھر کا کام

- کہانی پڑھیں اور کہانی کے حوالے سے کوئی بھی پانچ سوالات بنا کر لائیں۔

## سیشن 2

10 منٹ
- بچوں کے بنائے ہوئے سوالات خود ان سے باری باری پڑھوائیں۔

35 منٹ
- اس سیشن میں بھی کہانی کی پڑھائی کر وائیں۔ لیکن عام روایتی طریقوں سے کہانی کی پڑھائی کر وانے کے بجائے ٹیچر کہانی کے حوالے سے سات ایسے جملوں کو ترتیب دیں جن پر کہانی کا دار ومدار ہو یا جو کہانی کا محور ہو۔

اس بات کو اس طرح سے آسانی سے سمجھا جا سکتا ہے کہ کسی واقعے یا قصے کی ترتیب کسی دوسرے کو بتاتے ہوئے ہم اس واقعہ کے ضروری حصوں کو ہی بیان کرتے ہیں۔ اسی طرح اس کہانی کے خاص جملوں کو بغیر کسی ترتیب کے آگے پیچھے تختہ سیاہ پر لکھ دیں۔

پھر بچوں سے کہیں کہ کہانی کا بغور مطالعہ کریں اور ان جملوں کو ترتیب وار اپنی اپنی کو پیوں میں لکھیں۔

(1) کھیل کود سے بے زار ہونے کے بعد بچے پانی میں چلے گئے۔
(2) وہ لوگ بے انتہا تھک گئے تھے۔
(3) خاندان کے سب لوگ پکنک منانے گئے۔
(4) لہر کی مدد سے اتفاقاً مچھلی کے منہ سے رسی باہر نکل آئی۔
(5) مچھلی کا منہ کھلتے ہی آپا نے رسی چھڑانے کی ناکام کوشش کی۔
(6) بچوں کو دور سے سیاح اور کشتی نظر آئی۔

اس مشق کے بعد کچھ بچوں سے باری باری ان کی ترتیب دی ہوئی کہانی پڑھوائیں۔

## سیشن 3

15 منٹ
- پہلے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔

30 منٹ
- اب ٹیچر کچھ جملے بورڈ پر لکھیں۔ بچے کوپیوں میں اتاریں۔ اس کے بعد اگر جملہ صحیح ہے تو ( ) کا نشان اس جملے کے آگے بنے box میں لگا دیں۔ اگر جملہ غلط ہے تو (X) کا نشان لگائیں۔ اگر جملے کا مطلب واضح نہ ہو سکے تو ''نہیں معلوم'' لکھ دیں۔ اس طرح کی لکھائی سے ٹیچر کو اندازہ ہو جائے گا کہ بچے نے سبق صحیح طرح سمجھا ہے یا نہیں۔

(1) بابر کی عمر تقریباً 15 سال تھی۔ ( )
(2) کشتی بڑھنے کے ساتھ بچوں کو ساحل بھی نظر آیا۔ ( )
(3) بچوں کی چیخیں سن کر امی ابو lifeguard کو بلانے گئے۔ ( )
(4) بابر کے رونے کی آواز سن کر فاطمہ نے بھی زور زور سے رونا شروع کر دیا۔ ( )
(5) بچے مچھلی کے ساتھ ساحل سے دور کسی کشتی کے پاس چلے جا رہے تھے۔ ( )

### گھر کا کام

- کہانی کے ہر صفحے میں سے فعال (verb) تلاش کر کے اپنی کوپیوں میں لکھیں۔

## سیشن 4

15 منٹ
- پہلے 8-7 بچوں سے پڑھائی کر وائیں۔

30 منٹ
- اس مشق کو کروانے سے قبل کہانی کے ہر صفحہ کی سطروں کو گنتی کے مطابق تقسیم کر دیں۔

اب بچوں کو بتائیں کہ کہانی یا واقعہ میں بہت سے ایسے مقامات ہوتے ہیں جہاں مصنف تفصیل نہیں لکھتا بلکہ اپنے پڑھنے والوں کے لئے چھوڑ دیتا ہے۔ کہانی یا قصے کے مطابق قاری اپنے ذہن میں منظر کو ترتیب دیتا جاتا ہے مثلاً کہانی کے پہلے جملے میں ہے ''سمندر کے کنارے جا پہنچے'' اب ہر پڑھنے والا ذہن میں خود ہی اندازہ لگائے کہ وہ سمندر کے کنارے کیسے گئے۔ مثلاً رکشہ سے' اپنی گاڑی سے' بس سے وغیرہ وغیرہ۔

اس طرح کی چند ایک مثالیں بچوں کو دیں۔ پھر بچوں سے کہیں کہ وہ کہانی میں ایسے مقامات

تلاش کریں اور انہیں جملوں میں لکھنے کے بجائے صرف الفاظ میں لکھیں۔ مثلاً صفحہ 1 لائن 1 ' سمندر کے کنارے گئے۔ (بس سے)۔

## گھر کا کام

- کہانی میں سے وہ الفاظ جن کی جمع ہو سکتی ہے تلاش کر کے اپنی کوپیوں میں لکھیں۔ املا کی تیاری کر کے آئیں۔

## سیشن 5

- سبق میں سے کچھ مشکل کچھ آسان الفاظ کا املا لیں۔ 20 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کس کس بچے نے مچھلی پالی ہوئی ہے۔ جن بچوں نے پالی ہوئی ہیں ان سے مچھلیوں کے نام پوچھیں۔ ساتھ ساتھ یہ بھی بتائیں کہ ان کے رنگ کون سے ہیں؟ 25 منٹ

بچے اپنی کوپیوں میں مچھلیوں کی تصویریں بنائیں۔

## سیشن 6

- بچے کہانی کا خلاصہ لکھیں۔ 45 منٹ

بچوں سے کہیں کہ وہ اگر اس کہانی کے مصنف ہوتے تو اس کہانی کا انجام کیا لکھتے؟ یا ساحل سے کشتی نظر آنے کے بعد آگے کیا ہو سکتا ہے؟ یہ کام کم از کم دو پیراگراف پر مشتمل ہو۔

## اضافی عملی کام

- اس کہانی کی مناسبت سے بچوں کی ملاقات life guard سے کروائی جائے۔

اس کے علاوہ کراچی کے رہنے والے بچے کارساز پر navy کے maritime museum کو دیکھنے جا سکتے ہیں۔ اس میوزیم میں سمندر کے اندر رہنے والی مخلوق' کشتیاں' جہاز اور پاکستان نیوی سے متعلق مختلف سامان' ماڈل' sculpture 'تصویروں اور پینٹنگ وغیرہ کے ذریعے دکھائے گئے ہیں۔ کلاس میں کتاب مکمل ہونے کے بعد میوزیم کا trip یقیناً مفید ثابت ہوگا۔ اس طرح بچوں کی معلومات میں مزید اضافہ ہوگا۔

# مچھلی کے منہ میں

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ' کراچی
مطبع : جے۔ ٹی ۔ الیس پرنٹرز

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi; Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk